مسلح گروہوں نے لبنان کے آٹھ اسکولوں پر قبضہ کیا

لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ

لوہیا نامہ

URDU DAILY **LOHIA NAMA** LUCKNOW

شر پسند عناصر ممبئی کی پرامن فضا کو خراب کرنا چاہتے ہیں حکومت کڑی نظر رکھے: سعید نوری

R.N.I. No.: UPURD/2013/48815 Vol. No. 11, Issue No. 171 Monday 21 August, 2023 Price: 1/- Pages:4 Morning Edition

جلد نمبر(۱۱) شمارہ نمبر(۱۷۱) ۲۱/اگست ۲۰۲۳ء بروز دوشنبہ قیمت: ایک روپیہ (صفحات: ۴)

کھڑگے کی نئی ٹیم کا اعلان، سی ڈبلوسی میں نئے پرانے چہرے

سونیا، منموہن، راہل، پرینکا کے علاوہ ششی تھرور بھی شامل ❖ کنہیا کمار اور سچن پائلٹ جیسے نوجوان لیڈروں کو اہم ذمہ داری ملی

نئی دہلی (ایجنسیاں):
کانگریس نے اس سال ہونے والے اسمبلی انتخابات اور اگلے سال 2024 میں ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنی نئی ٹیم تیار کر لی ہے۔ کانگریس کی نئی ورکنگ کمیٹی کی فہرست جاری کی گئی ہے، جس میں کل 39 لوگوں کو شامل کیا گیا ہے۔

سی ڈبلیو سی کا طویل عرصے سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ یہ کانگریس میں فیصلہ سازی کی سب سے بڑی کمیٹی ہے۔ تاہم اس نئی کمیٹی میں پرانی کے مقابلہ زیادہ تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ فہرست جاری کرنے سے پہلے گزشتہ کئی ماہ سے ملاقاتوں کا دور دورہ ہے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے سونیا گاندھی اور راہل گاندھی سے کئی ملاقاتیں کیں۔

سی ڈبلیو سی میں ملکارجن کھڑگے، سونیا گاندھی، منموہن سنگھ، راہل گاندھی، پرینکا گاندھی، اے کے انٹونی، امبیکا سونی، ادھیر رنجن چودھری، دگ وجے سنگھ، چرنجیت سنگھ چنی، آنند شرما سمیت کل 39 رہنما شامل ہیں۔ اس کے علاوہ 32 مستقل مدعو ارکان، 9 خصوصی مدعو ارکان، یوتھ کانگریس، این ایس یو آئی، مہیلا کانگریس اور سیوا دل کے صدور کو بھی جگہ دی گئی ہے۔

کانگریس کی ورکنگ کمیٹی میں نئے نام سچن پائلٹ، ششی تھرور، اشوک چوان، دیپک باوریا کی شکل میں سامنے آئے ہیں۔ گورو گگوئی، ناصر حسین، دیپا داس منشی کو بھی سی ڈبلیو سی میں شامل کیا گیا ہے۔ خصوصی مدعو کرنے والوں میں پون کھیرا، سپریا شرینے اور الکا لامبا شامل ہیں۔

لداخ: راہل گاندھی نے سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا

لیہ: آج سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کا 79 واں یوم پیدائش ہے۔ اس موقع پر کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے لداخ میں پینگونگ تسو کے ساحل پر اپنے والد اور سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا ”پاپا آپ کی آنکھوں میں بھارت کے لیے جو خواب تھے، ان انمول یادوں سے چھلکتے ہیں۔“ اپنے والد کو خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد راہل گاندھی نے کہا کہ یہاں تشویش کی بات یہ ہے کہ چین نے ہندوستان کی زمین چھین لی ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ چینی فوج علاقے میں گھس گئی ہے اور ان کی چراگاہیں چھین لی گئی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا تھا کہ ایک انچ بھی زمین نہیں چھینی گئی لیکن یہ درست نہیں ہے۔ آپ یہاں کسی سے بھی پوچھ سکتے ہیں۔

خیال رہے کہ راہل گاندھی دو روزہ دورے پر جمعرات کو لیہ پہنچے تھے۔ بعد میں انہوں نے فیصلہ کیا گیا کہ پینگونگ جھیل، نوبرا ویلی اور کرگل ضلع کا دورہ کرنے کے لیے اس علاقے میں اپنے قیام کو مزید چار دن بڑھا دیا ہے۔ موٹر سائیکل پر 130 کلومیٹر سے زیادہ کا فاصلہ طے کرنے کے بعد راہل گاندھی نے پینگونگ جھیل کے قریب شب گزاری کی۔ دریں اثنا، راہل گاندھی نے ٹوئٹ کر کے بھی اپنے والد کو یاد کیا۔ انہوں نے لکھا ”پاپا آپ کی آنکھوں میں بھارت کے لیے جو خواب تھے، ان انمول یادوں سے چھلکتے ہیں۔ آپ کے نشان میرے راستہ ہیں۔ ہر ہندوستانی کی جدوجہد اور خوابوں کو سمجھ رہا ہوں، بھارت ماں کی آواز سن رہا ہوں۔“

اجودھیا: فلم اداکار رجنی کانت پہنچے رام نگری اجودھیا

اجودھیا: 20 اگست (پی این ایس) فلم اداکار رجنی کانت اتوار کو اجودھیا پہنچے۔ جہاں وہ سب سے پہلے ہنومان گڑھی گئے اور پوجا کی۔ یہاں سے وہ رام للا کے دربار میں بھی حاضری دی۔ ان کی بیوی بھی ساتھ تھیں۔ رجنی کانت نے ہفتہ کی رات وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ سے ملاقات کی جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں۔ اتوار کی صبح انہوں نے ایس پی صدر اکھلیش یادو سے ملاقات کی اور انہیں اپنا دوست بتایا۔

دیر رات پریاگ راج میں دو گروپوں میں لڑائی، بائک کو لگائی گئی آگ

پریاگ راج: 20 اگست (پی این ایس) شہر کے سول لائنز ایریا میں گزشتہ رات دو گروپوں میں شدید لڑائی ہوئی۔ اس دوران ایک موٹر سائیکل کو آگ لگا دی گئی۔ رات گئے واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ پولس معاملے کی جانچ کر رہی ہے۔ کافی ہاؤس کے سامنے ہفتے کی رات دیر گئے دو گروپوں کے درمیان کسی بات پر شدید لڑائی ہوئی۔ ایک طرف کے لوگ گاڑی میں سوار تھے اور دوسری طرف کے لوگ بہت سی موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر آئے تھے۔ اس دوران ایک موٹر سائیکل کو آگ لگ گئی۔ سول لائنز پولیس اسٹیشن جائے وقوعہ سے صرف 200 میٹر کے فاصلے پر ہے اور سول لائنز پولیس چوکی چند قدم کے فاصلے پر ہے۔ کافی دیر تک ہنگامہ آرائی کے باوجود پولیس کو اس کی خبر تک نہیں ہوئی اور دونوں گروپ سڑک پر آپس میں لڑتے رہے اور موٹر سائیکل آگ کی لپیٹ میں آ گئی۔

مجلس مشاورت ملی وقار اور ملی حقوق کے حصولیابی کا ایک مشترکہ پلیٹ فارم

مشاورت کے بینر تلے نومبر میں فرقہ وارانہ خیر سگالی کی غرض سے مہم چلائی جائے گی: ابوذر کمال الدین

پٹنہ، (یو این آئی): مجلس مشاورت قائدین کو عوام سے جوڑنے کی ایک کوشش، ملی تشخص، ملی وقار اور ملی حقوق کے حصولیابی کا ایک مشترکہ پلیٹ فارم ہے اور وفاق، اتحاد میں یقین رکھتی ہے۔ یہ بات آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت، بہار کے زیر اہتمام آل بہار کانفرنس میں بہار کے ریاستی صدر ڈاکٹر سید ابوذر کمال الدین نے کہی۔

آج جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق انہوں نے کہا کہ ملت میں جو بھی بڑی بڑی جماعتیں ہیں، ادارے ہیں ان سب کو جوڑ کر ایک ایسی قوت بنانے کی ضرورت ہے جس کا وژن ہماری سیاسی اور

سماجی زندگی میں محسوس کیا جائے اور جس کی رائے، مشورے اور ضروریات کو کوئی کوئی نظر انداز نہیں کر سکے۔ اس کیلئے مشاورت نے پرانی بنیاد پر ایک نئی عمارت بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ نومبر کے مہینے میں 15 نومبر سے 30 نومبر تک فرقہ وارانہ خیر سگالی کی غرض سے ایک پندرہ روزہ مہم نیبر ہڈ مہم برائے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے نام سے مشاورت کے بینر تلے پورے بہار میں شروع کرنے کا ارادہ کیا ہے تا کہ ہم جس محلہ، وارڈ، بستی، پنچایت، بلاک شہر اور ضلع میں رہتے ہیں وہاں ہمارے پڑوس میں جو غیر مسلم آبادی ہے اس سے رابطہ پیدا کر کے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور خیر سگالی کا ایک ماحول بنائیں۔

انہوں نے مزید بتایا کہ مشاورت، بہار کا پہلا ایجنڈا ملت کے جان و مال کا تحفظ، ان کے شہری حقوق کی حفاظت، ان کو خوف و ہراس کے ماحول سے باہر نکالنا۔ ان کے اندر ہمت اور حوصلے کی بحالی، انکی ریلیف و باز آباد کاری ہے۔ دوسرے ایجنڈا انکی تعلیم، معاش، صحت، روزگار اور زبان و تہذیب اور ملی اداروں کا تحفظ ہے۔ تیسرا ایجنڈا ملت کی صحیح سیاسی تربیت، اپنے ووٹ کی قوت کو پہچاننا، ووٹر لسٹ میں اپنے نام کا اندراج یقینی بنانا اور اس کے لئے محلہ اور وارڈ کی سطح پر مہم چلانا اور الیکشن کے وقت اپنے حق رائے دہندگی کا سوچ سمجھ کر استعمال کرنا ہے۔ چوتھا یجنڈا آپسی بھائی چارے کو مضبوط کرنا، ملت میں انتشار اور افتراق کو کم کرنا، ایک دوسرے سے ربط ضبط بڑھانا، اور اپنے آپسی مسائل کو باہم بیٹھ کر حلا کرنا۔ ہمیں دوسروں کے ہاتھ کا کھلونا بننے سے ہر حال میں بچنا ہے۔ پانچواں ایجنڈا اپنی خواتین کی تعلیم اور تربیت پر زور دینا اور ان کو ہر طرح سے طاقتور بنانا۔ خواتین کی حصہ داری کے بغیر ملت کا کام ادھورا رہے گا۔ چھٹا ایجنڈا سماج میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔ یہ کام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمارے لئے یہ خوشی اور قدرے اطمینان کی بات ہے حکومت بہار اس معاملہ میں حساس ہے اور اس نے بہت حد تک انتظامی سطح پر حالات کو بگڑنے سے روکا ہے اور ایسی مستعدی آگے بھی برقرار رہنی چاہیئے۔

جی-20 کے نام پر چلائی جارہی ہے انتخابی مہم: کانگریس

ہندوستان میں اس کے ذریعہ انتخابی مہم چلائی جارہی ہے

نئی دہلی (یو این آئی) کانگریس نے کہا کہ مودی حکومت ملک میں منعقد ہونے والی جی-20 کانفرنسوں کا بھرپور فائدہ اٹھا رہی ہے اور اس کے تعلق سے انتخابی تشہیر کی جا رہی ہے جا رہی ہے۔

کانگریس کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے انچارج جے رام رمیش نے جاری ایک بیان میں کہا کہ حکومت جی-20 کانفرنسوں کا استعمال مسائل سے ملک کی توجہ ہٹانے اور اس تنظیم کی میٹنگیں کے تعلق سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی انتخابی تشہیر جم کر کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک میں بھی جی ٹوئنٹی کانفرنسز ہوتی ہیں لیکن وہاں اس طرح کی کوئی مہم نہیں چلائی جاتی۔

انہوں نے کہا ”جی-20 کا قیام 1999 میں عمل میں آیا تھا۔ اس میں دنیا کے 19 ممالک اور یورپی یونین کے ارکان ہیں۔ اس کے قیام کے بعد سے اب تک، باری باری سے 17 ممالک میں جی-20 سربراہی اجلاس منعقد کیے جا چکے ہیں اور اب ہندوستان کا نمبر ہے۔ لیکن جس طرح کی انتخابی مہم یہاں چلائی جا رہی ہے اور ایسا ماحول بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، ایسا کسی اور ملک میں نہیں ہوا۔ درحقیقت ایسا اہم مسائل سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔

کانگریس لیڈر نے کہا ”ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ 1983 میں نئی دہلی میں 100 سے زیادہ ممالک کی غیر وابستہ سربراہی کانفرنس کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی تھی، اس کے بعد دولت مشترکہ سربراہ کانفرنس ہوئی۔ لیکن اس وقت کی حکومت نے ان مواقع کو انتخابی فوائد کے لیے استعمال نہیں کیا۔ پھر مجھے ایل کے اڈوانی کا وہ بیان یاد آ رہا ہے۔ 5 اپریل 2014 کو انہوں نے نریندر مودی کو ایک شاندار ایونٹ منیجر قرار دیا۔ عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے وزیر اعظم صرف ایونٹ مینجمنٹ ہی کر رہے ہیں۔

چندریان-3: لینڈر وکرم نئے مدار میں داخل

اب چاند سے صرف 25 کلومیٹر دور

نئی دہلی (ایجنسیاں)
چندریان-3 کا دوسرا اور آخری ڈی بوسٹنگ آپریشن کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گیا ہے۔ انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) کے سائنسدانوں نے بدھ کے روز خلائی جہاز کو چاند کی سطح پر اتارنے سے پہلے اہم مرحلے کی قریب سے نگرانی کی۔ لینڈر وکرم ایک ایسے مدار میں داخل ہو گیا ہے جہاں سے چاند کا قریب ترین نقطہ 25 کلومیٹر اور سب سے دور والا نقطہ 134 کلومیٹر ہے۔ اسرو نے کہا ہے کہ اس مدار سے وہ بدھ کو چاند کے جنوبی قطبی علاقے میں سافٹ لینڈنگ کی کوشش کرے گا۔ اسرو نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر پوسٹ کیا ”دوسرے اور آخری ڈی بوسٹنگ آپریشن نے لینڈر ماڈیول کے مدار کو کامیابی کے ساتھ 25 کلومیٹر-134 کلومیٹر تک کم کر دیا ہے۔ ماڈیول اندرونی جانچ سے گزرے گا اور طلوع آفتاب کے وقت نامزد لینڈنگ سائٹ پر رکھا جائے گا۔“ اسرو نے بتایا کہ یہاں سے 23 اگست کو شام 45.5 بجے لینڈنگ کی کوشش کی جائے گی۔

جمعہ کو پہلے ڈی بوسٹنگ آپریشن کے دوران اسرو کے سابق سربراہ کے سیون نے این ڈی ٹی وی کو بتایا تھا کہ چندریان-3 لینڈر کا ڈیزائن وہی ہے جو پچھلے چندریان-2 مشن میں استعمال کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا، "ڈیزائن میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ چندریان-2 کے مشاہدے کی بنیاد پر مشن میں کی گئی تمام غلطیوں کو درست کر لیا گیا ہے۔“ خیال رہے کہ چندریان-3 14 جولائی کو لانچ کے بعد 5 اگست کو چاند کے مدار میں داخل ہوا تھا۔ پروپلشن اور لینڈر ماڈیولز کو الگ کرنے کی کل کی مشق سے پہلے اسے 6، 9، 14 اور 16 اگست کو چاند کے مدار میں اتارنے کی کوشش کی گئی، تا کہ یہ چاند کی سطح کے قریب آ سکے۔

ہماچل میں حالات قابو میں لیکن آج پھر بھاری بارش کا انتباہ

مرکزی حکومت حرکت میں، نقصان کا جائزہ لینے ہماچل پردیش پہنچے جے پی نڈا

نئی دہلی (یو این آئی):
ہماچل پردیش کے وزیر اعلی سکھویندر سنگھ سکھو نے کہا کہ ریاست میں حالات اب قابو میں ہیں۔ جب تیز بارش ہوتی ہے تو لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات ہوتے ہیں لیکن اس بار 13 سے 16 اگست کے درمیان ایسے واقعات زیادہ دیکھنے میں آئے ہیں۔ ہماچل میں مٹی کے تودے گرنے سے کئی لوگوں کی موت ہو چکی ہے۔ ریاست میں موسلا دھار بارش اور لینڈ سلائیڈنگ سے کافی نقصان ہوا ہے۔ خیال رہے کہ ہماچل پردیش کا راج بھون ہفتہ کو عام لوگوں کے لیے کھول دیا گیا تھا اور پہلے دن تقریباً 60 طلباء نے اس تاریخی عمارت کا دورہ کیا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے صدر جے پی نڈا آج ہماچل پردیش پہنچ رہے ہیں تا کہ حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہوئے بھاری

نقصان کا جائزہ لیں۔

وہیں، ہماچل کے شملہ میں شیو مندر کے ملبے سے ایک اور لاش برآمد ہونے کے بعد ریاست میں بارش سے متعلق واقعات میں جان گنوانے والوں کی تعداد ہفتہ کو بڑھ کر 78 ہو گئی۔ حکام نے بتایا کہ مقامی محکمہ موسمیات نے اورنج الرٹ جاری کیا ہے جس میں اگلے دو دنوں کے دوران شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق ہماچل پردیش میں 24 جون کو مانسون کے آغاز سے بارش سے متعلق واقعات اور سڑک حادثات میں 338 افراد ہلاک اور 38 لاپتہ ہیں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ 338 مرنے والوں میں سے 221 لوگوں کی موت بارش سے متعلق واقعات میں ہوئی۔ ایمرجنسی سنٹر کی طرف سے بتایا گیا کہ 11600 مکانات کو مکمل یا جزوی نقصان پہنچا ہے اور تقریباً 560 سڑکیں ابھی بھی بند ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ 253 ٹرانسفارمر اور 107 واٹر سپلائی سکیمیں رک گئی ہیں۔

مقامی محکمہ موسمیات نے 20 اور 21 اگست کے لیے موسلا دھار بارش کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا ہے، جب کہ 22 اور 23 اگست کے لیے شدید بارش کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شملہ، سرمور اور چمبا اضلاع میں سیلاب کا خطرہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ موسلا دھار بارشوں کے باعث لینڈ سلائیڈنگ، طوفانی سیلاب اور دریاؤں اور نالوں کے پانی کی سطح میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ فصلوں کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پاکستان: اندوہ ناک سڑک حادثہ میں 20 مسافر زندہ جل گئے، بم دھماکہ میں 13 افراد ہلاک

پنجاب کے پنڈی بھٹیاں کے قریب موٹروے پر ایک مسافر بس اور پک اپ گاڑی کے درمیان ٹکر، شمالی وزیرستان میں بم دھماکہ

اسلام آباد (ایجنسیاں):
پنجاب کے علاقے پنڈی بھٹیاں کے قریب اتوار کی علی الصباح موٹروے پر ایک مسافر بس اور پک اپ گاڑی کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں لگنے والی آگ سے 20 افراد موت کے منہ میں چلے گئے جبکہ 15 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ اتوار کو صبح سوا چار بجے حافظ آباد کی تحصیل پنڈی بھٹیاں ایم فور کے قریب مسافر بس کے ڈرائیور کے سو جانے کے باعث پیش آیا، جس کے بعد مسافر بس کو آگ لگ گئی، بس کو آگ وین سے ٹکرانے سے لگی جس کے نتیجے میں 20 مسافر جاں بحق اور 10 زخمی ہو گئے، جھلس کر جاں بحق ہونے والے مسافروں کی شناخت کا عمل جاری ہے۔

ڈی پی او حافظ آباد ڈاکٹر فہد کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا، حادثے میں بس اور پک اپ وین کے ڈرائیور بھی جاں بحق ہوئے، جاں بحق افراد کی شناخت ڈی این اے کے ذریعے ہو سکے گی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر راٹھور نے بتایا کہ ہسپتال میں لائے گئے زخمیوں کی تعداد آٹھ ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مسافر کوچ میں 40 سے زائد مسافر سوار تھے، پولیس کے مطابق اکثر زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے ریسکیو 1122 کے مطابق ریسکیو ٹیمیں پانچ منٹ کے اندر پہنچ گئی تھی، بس حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایک ہی خاندان کے چھ افراد بھی شامل ہیں جبکہ حادثہ میں زخمی ہونے والوں میں کراچی، خیر پور، فیصل آباد، جلالپور بھٹیاں اور پنڈی بھٹیاں کے مسافر شامل تھے۔

ڈی ایس پی احسان ظفر حافظ آباد نے بتایا کہ مسافر بس جل کر خاکستر ہو گئی، پک اپ وین بھی جل کر تباہ ہو گئی، پک اپ وین ڈیزل لے کر جا رہی تھی، جبکہ ایک گھنٹے کی محنت کے بعد آگ پر قابو پایا گیا۔ گاڑی میں سوار بچ جانے والے مسافر نے بتایا کہ بس کا ڈرائیور رحیم یار خان میں تبدیل ہوا جبکہ پنڈی بھٹیاں ایم 3 پر ٹول پلازہ کے قریب گاڑی کا پٹرول لیک ہوا۔ موٹروے پولیس نے حادثے کے لئے معلوماتی ڈیسک اور ایمرجنسی سینٹر قائم کر دیا، جائے حادثہ پر ٹریفک کو مکمل طور پر بحال کر دیا گیا۔

دوسری جانب شمالی وزیرستان کے علاقے شوال میں سڑک کے کنارے نصب شدہ بم پھٹنے سے دھماکے کے نتیجے میں 13 مزدور جاں بحق اور 2 شدید زخمی ہو گئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس افسر جنوبی وزیرستان نیک محمد کے مطابق پاک-افغان سرحد کے قریب واقع شوال میں سڑک کے کنارے نصب شدہ بم پھٹنے سے 13 مزدور جاں بحق اور 2 شدید زخمی ہو گئے جبکہ مزدوروں کی وین بم دھماکے سے مکمل تباہ ہو چکی ہے۔ مقامی رہنما یار گل کے مطابق دہشت گردوں نے روڈ سائڈ پر بم نصب کیا تھا تاکہ سکیورٹی فورسز کی قافلے کو نشانہ بنایا جا سکے جو کہ شوال کے علاقے گل میر کوٹ کے قریب سے گزر رہا تھا۔ مقامی عمائدین کے مطابق کے مطابق سکیورٹی فورسز کا قافلہ گزرتے ہی بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا، مزدوروں میں سے 11 کا تعلق جنوبی وزیرستان اپر محسود قبیلے کے سپین کمر کے علاقے سے ہے جبکہ 2 کا تعلق جنوبی وزیرستان لوئر احمد زئی وزیر سے بتایا جا رہا ہے زخمیوں اور متعدد لاشوں کو مقامی ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ دھماکا گزشتہ روز شام کے قریب ہوا تھا، سکیورٹی خدشات کے پیش نظر علاقے میں تمام موبائل سروس معطل کر دیے گئے ہیں۔ ڈان نیوز کے مطابق انسپکٹر ابرار نے بتایا کہ یہ واقعہ گزشتہ شب اس وقت پیش آیا جب ایک درجن سے زائد مزدور شمالی وزیرستان کے علاقے شوال سے ایک گاڑی میں جنوبی وزیرستان جا رہے تھے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ مزدوروں کو لے جانے والی ایک نجی گاڑی گل میر کور کے علاقے میں بارودی سرنگ سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 11 مزدور جاں بحق اور 2 زخمی ہو گئے، ذرائع نے بتایا کہ واقعے کے فوراً بعد زخمیوں اور جاں بحق افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق گاڑی میں کل 16 مزدور سوار تھے جو جنوبی وزیرستان جا رہے تھے کہ اس دوران گاڑی کے قریب دھماکا خیز مواد پھٹ گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ خیبر پختونخوا پولیس نے بتایا تھا کہ 18 جون 2022 سے 18 جون 2023 کے درمیان صوبے میں عسکریت پسندوں کی جانب سے 15 خودکش بم دھماکوں سمیت 665 حملے کیے گئے۔

پاکستان: اہم دہشت گرد کمانڈر سمیت 13 افراد گرفتار

اسلام آباد (یو این آئی)
پاکستان کے مشرقی پنجاب صوبے میں پولیس کے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر الگ الگ کارروائیوں کے دوران تین دہشت گرد کمانڈروں سمیت 13 دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ سی ٹی ڈی نے ایک بیان میں کہا کہ گرفتار ہونے والوں میں ممنوع اسلامک اسٹیٹ گروپ کے تین ہائی پروفائل دہشت گرد کمانڈر بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائیاں صوبے کے مختلف اضلاع میں کی گئیں۔ محکمہ نے کہا کہ دہشت گرد صوبے میں دہشت گردانہ کارروائیاں کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ پولیس کی بروقت کارروائی نے صوبے کو ایک بڑی تباہی سے بچا لیا۔ سی ٹی ڈی کے بیان میں کہا گیا ہے کہ "سی ٹی ڈی ایک محفوظ پنجاب کے مقصد کے لیے کام کر رہی ہے اور افسران دہشت گردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔" سی ٹی ڈی اہلکاروں نے کارروائی کے دوران دیسی ساختہ بم، ڈیٹونیٹرز اور دھماکہ خیز مواد سمیت اسلحہ کا ذخیرہ بھی قبضے میں لے لیا۔ پولیس نے گرفتار دہشت گردوں کے خلاف الگ الگ معاملے درج کر لیے ہیں، جنہیں مزید تفتیش کے لیے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔

غلط سوشل میڈیا پوسٹ کے خلاف مقدمہ درج کرے گی منی پور پولیس

امپھال، (ایجنسیاں):
منی پور پولیس سائبر کرائم پولیس اسٹیشن میں گورنر انوسویا یوکی کے تعلق سے فرضی سوشل میڈیا پوسٹس کے خلاف ایف آئی آر درج کرے گی۔ حکام نے اتوار کو یہ اطلاع دی۔ عہدیداروں نے بتایا کہ ایکس سے اس پوسٹ کو ہٹانے کی درخواست کی گئی ہے، جس میں جھوٹے تبصروں کے ساتھ ایک تصویر شیئر کی گئی تھی جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ گورنر نے اقلیتوں کے خلاف نفرت پھیلانے والی آر ایس ایس کے زیر اہتمام میٹنگ میں شرکت کی۔ ایک ٹوئٹ میں منی پور پولیس نے کہا ”بیٹھی ہوئی خاتون منی پور کی گورنر نہیں ہے جیسا کہ پوسٹ میں کہا گیا ہے۔ سائبر کرائم میں ایف آئی آر درج کی جائے گی۔“ امپھال پولیس حکام نے یہ بتانے سے انکار کر دیا کہ سوشل میڈیا پر غلط تبصروں کے ساتھ فوٹو پوسٹ کرنے والوں کے خلاف کیا کارروائی کی جائے گی۔

روزنامہ
لوہیانامہ
لکھنؤ

سرکاری اداروں میں سنگھ کا کیڈر

کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے ایک بار پھر ملک کے ایک اہم مسئلے کی بات کی ہے۔لداخ کے دورے پر راہل نے کہا ہے کہ ملک کے تمام سرکاری اداروں میں آر ایس ایس کے نظریے والے لوگ بھرے جا رہے ہیں۔حالانکہ اپنے اس بیان میں انہوں نے اس مسئلے کا کوئی قابلِ اثر حل تو پیش نہیں کیا مگر یہ تو ظاہر ہو ہی گیا کہ اس انتہائی اہم مسئلے پر ان کی نظر ہے۔لیکن یہ بھی سچ ہے کہ یہ مسئلہ پہلی بار بے نقاب نہیں ہوا ہے۔مدھیہ پردیش میں کانگریس حکومت کے وزیر اعلیٰ رہے دگ وجے سنگھ نے اپنے دور حکومت میں اس خطرے کو محسوس کیا تھا اور سن 2000 میں سرکاری ملازمین کے آر ایس ایس کی سرگرمیوں میں شامل ہونے پر پابندی لگائی تھی ظاہر ہے اس وقت تک آر ایس ایس کی حیثیت ایسی نہیں تھی کہ وہ اپنے لوگوں کو سرکاری اداروں میں داخل کر پائے سو وہ اس وقت موجود سرکاری عملے کو ہی اپنے نظریے پر لانے کی کوشش کر رہی تھی۔اور دگ وجے سنگھ اس کا ایک وقتی علاج کرنے کی کوشش کی۔حالانکہ اس وقت بھی اگر وقتی علاج کے ساتھ ہی مسئلے کا مستقل حل بھی تلاش کیا جاتا تو آج صورتِ حال کچھ مختلف ہوسکتی تھی۔لیکن اب حالات پوری طرح بدل چکے ہیں۔آج آر ایس ایس کے نظریے کا زہر نہ صرف سرکار کے پورے سسٹم میں سرایت کر چکا ہے، بلکہ اب وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ کسی بھی سرکاری ادارے میں صرف اپنے ہی نظریے کے لوگوں کو داخل ہونے دے۔اسی کا نتیجہ ہے کہ آج ہمیں فوج جیسے حساس اداروں میں نہ صرف جنرل وی کے سنگھ جیسے لوگ نظر آتے ہیں جو دورانِ سروس خاموشی سے اپنے نظریے پر کاربند رہتے ہیں۔اور ریٹائر ہونے کے بعد اپنی طے شدہ سیاسی منزل بی جے پی کی طرف بڑھ جاتے ہیں۔بلکہ کرنل پرساد پروہت جیسے لوگ بھی سامنے آتے ہیں جو دورانِ سروس ہی نفرت کے جنون میں تخریبی وارداتوں کی سازشیں کرتے ہیں اور انہیں انجام دینے میں اپنے اختیار اور ہتھیار تک کا استعمال کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔اور اب تو نفرت کے اس جنون نے سرکار کے عوامی محافظوں کو بھی مخصوص طبقے کے خون کا پیاسا زومبی بنا کر سماج کے سامنے لا کھڑا کیا ہے۔آر پی ایف کا کانسٹیبل چیتن سنگھ اس کی سب سے تازہ مثال ہے۔جس نے چار بے گناہ افراد کو صرف نفرت کے جنون میں اپنی سروس رائفل سے ہی بھون ڈالا تھا۔آئے دن جہاں تہاں ہونے والے فرقہ وارانہ تشدد میں پولیس کے شانہ بشانہ پولیس کی جیکٹ اور ڈنڈوں سے لیس لوگوں کا مخصوص طبقوں پر ٹوٹ پڑنا تو اب کوئی نئی بات ہے ہی نہیں۔ایسے میں راہل گاندھی کا یہ بیان کہ سرکاری اداروں میں آر ایس ایس کے لوگ بھرے جا رہے ہیں۔اس بات کا تو اشارہ ہے کہ مسلسل نو سال سے آر ایس ایس کی لائی حکومت سے لوہا لے رہے اس لیڈر کو اس اہم ترین مسئلے کا احساس ہے۔اور اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ اگر زمینی مسائل سے پریشان عوام آنے والے انتخابات میں بی جے پی کو اقتدار سے بے دخل کر بھی دیتے ہیں تو سرکاری اداروں میں موجود اپنے کیڈر کے ذریعے آر ایس ایس کی گرفت پھر بھی سرکاری نظام پر قائم رہے گی۔اور یہی زیادہ پیچیدہ مسئلہ ہے۔اس کا حل سیاسی قوتِ ارادی سے ممکن تو ہے مگر بے حد مشکل ہے۔اس کے لیے آر ایس ایس کے نفرت بھرے نظریے میں شامل جھوٹے پروپیگنڈے کی نہ صرف پول کھولنی ہوگی بلکہ اس کے مقابل سچ کی تشہیر اس سے بھی زیادہ وسیع پیمانے پر کرنے کی ضرورت ہوگی جس پیمانے پر نفرت کے نظریے کی ترسیل کی جا رہی ہے۔مگر اس کے لیے سیکولر ووٹ کی سیاست کرنے والی پارٹیوں کو سیکولر نظریے کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہونا پڑے گا۔ہوا کے رخ کے ساتھ الیکشن کے وقت پارٹیاں بدلنے والے لوگوں کو اپنی پارٹی میں شامل کرنے سے پہلے اُن کے نظریے کو پرکھنا ضروری ہوگا۔اور محض سیاسی فائدے کے لیے ساتھ آنے والے سنگھی نظریہ لوگوں کے لیے اپنی پارٹی کے دروازے بند کرنے ہونگے۔ورنہ کل یہی لوگ نفرت کے نظریے کو مات دینے والی حکمتِ عملی بنانے میں پھر حائل رہیں گے۔

مودی نے لال قلعہ سے قومی آہنگی واتحاد کا پیغام دینے کے بجائے انتخابی بگل بجادیا

جاوید جمال الدین

وزیراعظم نریندر مودی کی یوم آزادی کی 76ویں سالگرہ کے موقع پر لال قلعہ کی تقریر میں قومی آہنگی، بھائی چارہ اور اتحاد کے پیغام کے بجائے 2024 کے عام انتخابات کو مدنظر کی گئی اور اس لئے اسے ایک انتخابی تقریر ہی کہہ سکتے ہیں، انہوں نے لوک سبھا الیکشن کے لیے انتخابی بگل بجادیا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے کنبہ پروری، منہ بھرائی اور بدعنوانی کا پُرانا راگ الاپا ہے، منہ بھرائی کے ساتھ ساتھ انہوں نے سنگھ پریوار اور اس کے ہمنوا عناصر کو خوش رکھنے کے لیے ملک کو 76، سال قبل ایک ہزار سال کی غلامی سے نجات ملی ہے۔یعنی بالواسطہ اقلیتی برادری کو نشانہ بنایا ہے، جو کہ اس عہدہ کو زیب نہیں دیتا ہے، جبکہ ایک ایسا دعویٰ لال قلعہ کی فصیل سے کردیا جو کہ غرور اور تکبر کی علامت ہے۔مودی کو ایک ہزار سال کی غلامی کی بات بھی انہیں سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے کیونکہ جہاں سے موصوف نے دسویں مرتبہ خطاب کیا ہے، وہ لال قلعہ بھی تو اسی دور میں تعمیر کیا تھا۔

وزیراعظم یہ بھول گئے کہ اسی دور میں وطن عزیز سونے کی چڑیا کہلایا جاتا تھا۔وہ یہ بھی بھول گئے کہ بی جے پی اور سنگھ پریوار جس منہ بھرائی کی بات کرتے ہیں، گزشتہ ایک دہائی سے اُن کے دورہ اقتدار میں کیا ہو رہا ہے۔

وزیراعظم نے اپنے ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہے خطاب میں گرچہ انہوں نے منی پور فسادات، جمہوریت اور تنوع کے ساتھ ہی ملک کی ترقی کے موضوع کو زور وشور سے اجاگر کیا، مگر منی پور کو ہلکے انداز میں پیش کیا۔بلکہ اپنی تعریف اور آئندہ انتخابات میں بھی کامیابی کا دعویٰ کرتے رہے۔اس طرح اپنی حکومت کی پالیسیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کس طرح ان کی حکومت نے معاشرے کے مختلف طبقات کی ترقی اور بہبود کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔یہں کہنے میں کوئی عار نہیں کی تخطاب کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی خاص توجہ آئندہ پارلیمانی انتخابات پر تھی اور اپنی تیسری مدت کے لیے مضبوط پچ تیار کرتے رہے۔انہوں نے کہا کہ وہی تمام اُن پروجیکٹس کا بھی افتتاح کریں گے، جن کا سنگ بنیاد فی الوقت رکھا جا رہا ہے اور اگلے سال پھر لال قلعہ سے ملک کی کامیابیوں کو عوام کے سامنے پیش کریں گے۔

آسمان کی جانب تھوکنے کے مترادف کہا کہ ”میں 2014 میں تبدیلی کا وعدہ لے کر آیا تھا۔۔۔۔میرے 140 کروڑ خاندان والوں، آپ نے مجھ پر بھروسہ کیا۔یہ وعدہ اصلاحات، کارکردگی اور تبدیلی کی وجہ سے اعتماد میں بدل گیا، 2019 میں، آپ سب نے میری کارکردگی کی بنیاد پر مجھے دوبارہ فتح سے ہمکنار کیا۔تبدیلی کا یہ وعدہ مجھے یہاں تک لے آیا اور کارکردگی مجھے دوبارہ یہاں لے کر آئی۔اگلے پانچ سال بے مثال ترقی کے ہوں گے، جو 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے سنہری لمحے ہیں۔اگلی بار، 15 اگست کو پھر، اسی لال قلعہ سے میں ملک کی ترقی، اس کی کامیابیوں اور اس کی تعریف مزید اعتماد کے ساتھ بیان کروں گا۔“ شرد پوار نے اس کا منہ توڑ جواب بھی دیا ہے، جس کا ذکر آگے کریں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے 140، کروڑ خاندانوں کا حوالہ دیتے ہوئے ضرور خطاب کیا، شمال مشرقی ریاست منی پور میں جاری نسلی تشدد پر بھی بات کی اور کہا کہ ملک تشدد سے متاثرہ ریاست کے لوگوں کے ساتھ ہے، لیکن نوح کے تشدد اور جے پور ممبئی سپر فاسٹ ٹرین میں نہتہ مسلمان مسافروں کے قتل پر کسی طرح کے دکھ کا اظہار نہیں کیا۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ چند دنوں سے ریاست میں امن کی واپسی ہو رہی ہے اور اس کے جاری رہنے کی بھی امید ہے۔جس میں ذرہ برابر سچائی نہیں ہے۔ملکی اور عالمی سطح پر منی پور تشدد پر تھوکے کے بعد کہہ رہے ہیں کہ اس مسائل کے حل کا راستہ امن کے ذریعے تلاش کیا جائے گا۔مرکزی اور ریاستی حکومت حل کے لیے تمام کوششیں کر رہی ہے۔ہم ایسا کرتے رہیں گے۔مگر ایسا کچھ نظر نہیں آ رہا ہے۔

وزیراعظم مودی کی دعووں اور غرور وتکبر میں بھری اس تقریر کے دو چار دنوں میں حزب اختلاف اور خود ان کے قریبی سمجھے جانے والے لیڈروں کے چونکا دینے والے بیانات سامنے آئے ہیں جو سوچنے پر مجبور کر دیتے ہیں بلکہ اب ایک عام آدمی بھی اسی طرح سوچ رہا ہے، کئی مرتبہ پکڑا بدل چکے مہاراشٹر نونرمان سینا (ایم این ایس) سربراہ راج ٹھاکرے نے مودی حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ بندوق کی نوک پر اپوزیشن لیڈروں کو بی جے پی میں شامل کر رہی ہے جبکہ راج ٹھاکرے نے ووٹروں کو ذات، مذہب یا کسی مفاد کے بجائے امیدوار کے کام کے مطابق ووٹ دینے کی تلقین کی اور حکومت پر سخت تنقید کی ہے۔پونے میں حیران کن طور پر گزشتہ سال مسجدوں کے لاؤڈ اسپیکر کے معاملے پر سیاست کرنے والے راج ٹھاکرے نے یہاں لوگوں کو مذہب کے نام پر ووٹ نہ کرنے کی تلقین کی۔انہوں نے کہا ”جن لوگوں کو آپ منتخب کرتے ہیں وہی لوگ سڑکوں سمیت آپ کیلئے نئے نئے مسائل پیدا کرتے ہیں۔لیکن آپ بار بار انہی لوگوں کو چن کر بھیجتے ہیں۔کبھی ذات کے نام پر، کبھی مذہب کے نام پر تو کبھی کسی اور چیز کے نام پر۔ ایم این ایس سربراہ نے دعویٰ کیا کہ ”آج تک مہاراشٹر نونرمان سینا نے کئی طرح کے آندولن کئے لیکن حاصل کیا ہوا؟ جو لوگ مہاراشٹر کا نقصان کر رہے ہیں انہی کو آپ لوگ منتخب کرتے ہیں۔ مجھے اسی بات کی حیرانی ہے۔ان کا اشارہ بی جے پی کی طرف تھا۔

ایم این ایس سربراہ نے کہا کہ ملک میں قانون نام کی کوئی چیز رہ گئی ہے ایسا لگتا نہیں ہے۔ہم اگر پوچھیں کہ الیکشن کب ہوں گے تو حکومت کہتی ہے کہ جب ہمارا دل ہوگا تب ہوں گے۔عوام بے حس ہو چکے ہیں، عہ ارباب اقتدار سے نہیں کرتے ہیں، سوال کریں گے تبھی تو حکومت پر دباؤ قائم ہوگا۔

حال میں پارٹی میں بغاوت سے پریشان این سی پی سربراہ شرد پوار نے بھی وزیراعظم کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی حالت دیویندر فرنویس جیسی ہو جائے گی۔جنہوں نے بھی پچھلی بار دعویٰ کیا تھا کہ وہ دوبارہ آئیں گے لیکن 2019 میں ایم وی اے نے ایسا ہونے دیا، اس کیے چور دروازے کا سہارا لیا ہے۔ حالانکہ ایک طرف ’انڈیا‘ کی میٹنگوں میں شرکت دوسری طرف باغی بھتیجے سے خفیہ ملاقات ایسی صورتحال میں شرد پوار کے تعلق سے سیاسی پارٹیاں اور عوام دونوں ہی مخمصے میں ہیں۔مہاراشٹر کے بیڑ میں انہوں نے ایک بار پھر واضح کیا کہ وہ بی جے پی حکومت کے خلاف ہیں اور اسکے مقابلے کیلئے ہونے والی محاذ آرائی میں شامل رہیں گے۔نیز انہوں نے اجیت پوار کی بھی خبر لی۔پوار نے وزیراعظم مودی کے اس دعوے کو طنز کا نشانہ بنایا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ’میں آئندہ سال بھی لال قلعے کی فصیل سے خطاب کروں گا۔‘ اور کہا کہ وزیراعظم کی حالت دیویندر فرنویس جیسی ہو جائے گی۔فرنویس نے بھی 2019 میں تکبرانہ انداز میں کہا تھا "میں پھر لوٹ کر آؤں گا" لیکن وہ نہیں آئے بلکہ ان کی تنزلی ہوئی (وزیراعلیٰ سے نائب وزیراعلیٰ ہو گئے) اگر وزیراعظم بھی فرنویس کی طرح تنزل چاہتے ہیں تو فیصلہ کرلیں کہ کون سا عہدہ چاہتے ہیں۔“ پوار نے ملک کے موجودہ حالات پر تشویش ظاہر کی اور کہا کہ باگ ڈور ایسے ہاتھوں میں ہے جو ذات، مذہب اور زبان کے نام پر کیسے لوگوں میں منافرت پیدا کی جائے اسی پالیسی پہ عمل پیرا ہیں۔ ملک میں نظم ونسق کو برقرار رکھنا یہ مرکزی حکومت کا کام ہے لیکن آج منی پور کی کیا حالت ہے، جو عیاں ہے جبکہ منی پور، سکم، ناگالینڈ اور اروناچل پردیش یہ سب چھوٹی چھوٹی ریاستیں ہیں لیکن انتہائی اہم ہیں۔یہاں بیرونی خطرات بھی ہیں۔

یہ حقیقت بھی ہے کہ خصوصی طور پر منی پور میں ہتھیار لوٹے جا رہے ہیں، مکانات جلائے جا رہے ہیں، خواتین کا استحصال کیا جا رہا ہے، یہ سب کچھ ہو رہا ہے لیکن حکومت کی اس جانب کوئی توجہ نہیں ہے۔منی پور کے عوام کو دلاسہ دینے کیلئے وزیراعظم کا وہاں جانا ضروری تھا لیکن وزیراعظم نے بھول کر بھی اس طرف نہیں دیکھا۔“ وزیراعظم نے منی پور پر ۳رمنٹ بات کی پھر جب عدم اعتماد کی تحریک پیش کی گئی تو اس پر ۵رمنٹ بات کی۔ لیکن اس ریاست کی بہنوں کی تکالیف کو سمجھنے کی وزیراعظم نے کوئی کوشش نہیں کی۔

ابتداء میں ذکر کیا گیا ہے کہ اگرچہ مودی نے اس بات کا اظہار کیا کہ آج ہمارے پاس آبادی ہے، آج ہمارے پاس جمہوریت ہے اور ہمارے پاس تنوع بھی ہے۔یہ سب بھارت کے مستقبل کے کلیدی آلات ہیں اور 140! کروڑ آبادی کا ذکر بھی کیا، لیکن وہ یہ بھول گئے کہ اس آبادی کا تقریباً 17، فیصد کو یکسر نظرانداز کرنے کے ساتھ ہی اسے ایک منصوبے کے تحت پیچھے دھکیلنے کی کوشش جاری ہے اور یہ سب کچھ ایک خطہ، ریاست اور ضلع میں نہیں بلکہ پورے ملک میں ہو رہا ہے۔

javedjamaluddin@gmail.com
9867647741

> وزیراعظم نریندر مودی کی یوم آزادی کی 76ویں سالگرہ کے موقع پر لال قلعہ کی تقریر میں قومی آہنگی، بھائی چارہ اور اتحاد کے پیغام کے بجائے 2024 کے عام انتخابات کو مدنظر کی گئی اور اس لئے اسے ایک انتخابی تقریر ہی کہہ سکتے ہیں، انہوں نے لوک سبھا الیکشن کے لیے انتخابی بگل بجادیا ہے

INTERNATIONAL / SPORTS

روس نے یوکرین پر پھر کیا میزائل حملہ، 5 لوگوں کی موت

11 بچوں سمیت 37 افراد زخمی، حملہ کے وقت لوگ مذہبی تعطیل منانے کے لیے چرچ جارہے تھے

یوکرین (ایجنسیاں)

روس اور یوکرین کے درمیان مہینوں سے جاری جنگ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی ہے۔ اب شمالی یوکرین کے شہر چیرنیہائیو میں ایک مرکزی چوراہے پر روسی میزائل حملے کی خبریں سامنے آرہی ہیں۔ بتایا جارہا ہے کہ اس حملے میں 5 لوگوں کی موت ہوگئی ہے، جبکہ 37 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں یوکرین کی وزارت داخلہ نے ہفتہ کے روز جانکاری دی۔ وزارت نے کہا کہ جب حملہ ہوا تب لوگ مذہبی تعطیل منانے کے لیے چرچ کی طرف جارہے تھے۔

موصولہ اطلاعات کے مطابق میزائل حملے میں جو 37 افراد زخمی ہوئے ہیں ان میں 11 بچے بھی شامل ہیں۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے اس تعلق سے سوشل میڈیا ٹیلی گرام پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ "ایک روسی میزائل شہر کے ٹھیک وسط میں ہمارے چیرنیہائیو میں گری۔ یہاں ایک چوراہا، پالی ٹیکنک یونیورسٹی اور ایک تھیٹر ہے۔"

صدر زیلنسکی کا روس کے تازہ حملے کے تعلق سے یہ بھی کہنا ہے کہ "ہفتہ کے ایک معمول والے دن کو روس نے درد اور نقصان والے دن میں بدل دیا۔" زیلنسکی کی پوسٹ کے ساتھ ایک چھوٹی سی ویڈیو بھی ہے جس میں مقامی ڈراما تھیٹر کے سامنے ایک چوراہا پر ملبہ بکھرا ہوا دکھایا گیا ہے اور وہاں پر کھڑی کاروں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ قابل ذکر یہ ہے کہ صدر ولودمیر زیلنسکی ان دنوں سویڈن کے دورہ پر ہیں۔

یوکرین میں مغربی ملکوں کی شکست ’ناگزیر‘ ہے: دمتری

ماسکو (ایجنسیاں)

روسی سلامتی کونسل کے نائب چیئرمین دمتری میدویدیف نے کہا ہے کہ یوکرین میں مغربی ملکوں کی شکست "ناگزیر" ہے۔ وہ مذاکرات کی بھیک مانگیں گے۔ روسی ایجنسی ”اسپوتنک“ نے میدویدیف کے حوالے سے کہا کہ مغرب کیف کی حمایت اس حد تک جاری نہیں رکھے گا کہ اس کے مفادات کو نقصان پہنچے۔

میدویدیف نے مزید کہا کہ اس میں کچھ وقت لگے گا اور مغربی حکام بدل جائیں گے۔ ان کے اشرافیہ تھک جائیں گے اور یوکرین پر مذاکرات اور تنازع کو روک دینے کی بھیک مانگیں گے۔ وہ روسی صدر پوتین کے بہت قریب جانے جاتے ہیں نے روسی حملے کے ذریعے کیف میں حکومت کے مکمل خاتمے کی ضرورت کا اشارہ دیا تھا۔ العربیہ کے مطابق یوکرین کے جوابی حملے کے بارے میں موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے میدویدیف نے کہا کہ ہمیں دشمن کو روکنا چاہیے اور پھر جارحانہ کارروائی شروع کرنی چاہیے۔

آج روسی حملے کا مقصد صرف ہماری زمینوں کی آزادی اور اپنے لوگوں کا تحفظ نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارا مقصد کیف میں نازی حکومت کا مکمل خاتمہ ہونا چاہیے۔ کیف ریاست 404 میں شامل تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ روسی فوج کو ہوا بازی میں، بکتر بند افواج میں، اعلیٰ درستی کے ہتھیاروں میں اور حوصلے کے اعتبار سے بھی برتری حاصل ہے۔ واضح رہے روس کی قومی سلامتی کونسل کے نائب سربراہ فروری 2022 سے روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ کے پس منظر میں جوہری ہتھیاروں کے استعمال کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔

مسلح گروہوں نے لبنان کے آٹھ اسکولوں پر قبضہ کیا

بیروت (ایجنسیاں):

جنوبی لبنان میں مسلح گروہوں نے عین الحلوہ فلسطینی پناہ گزین کیمپ میں ایک اور اسکول پر قبضہ کرلیا ہے جسے ملا کر ایسے اسکولوں کی مجموعی تعداد آٹھ ہوگئی ہے۔

لبنان میں اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزینوں (یو این آر ڈبلیو اے) کے ڈائریکٹر ڈوروتھی کلاز نے ایک بیان میں کہا، "ہمیں عمارتوں کو شدید نقصان اور اسکولوں سے تعلیمی سامان اور آلات کی لوٹ مار کی مصدقہ اطلاعات موصول ہو رہی ہیں۔"

یو این آر ڈبلیو اے نے بیان میں اس بات کا اعادہ کیا کہ سبھی مسلح گروپوں سے اسکول سمیت عین الحلوہ فلسطینی پناہ گزین کیمپ میں فوری طور پر خالی کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی موجودگی اقوام متحدہ کی سلامتی کی سنگین خلاف ورزی ہے اور کیمپ میں مقیم ہزاروں فلسطینی پناہ گزین بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ آنے والے تعلیمی سال کے بروقت آغاز کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔

بیان کے مطابق مسلح گروپوں کی جانب سے اپنی تنصیبات پر قبضے کے خلاف احتجاج میں، یو این آر ڈبلیو اے نے جمعہ کو کیمپ میں اپنی خدمات معطل کردیں اور ہفتے کی صبح جزوی طور پر اپنی خدمات بحال کردیں۔

پاکستانی خواتین کارکنوں کی محنت مردوں کے برابر لیکن اجرتیں کہیں کم

اسلام آباد (ایجنسیاں) ماہرین اقتصادیات مرد اور خواتین کارکنوں کی اجرتوں میں دونوں کا کام اور اس کی نوعیت برابر ہونے کے باوجود پائے جانے والے فرق کے لیے جینڈرڈ ویج گیپ“ کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔ صنفی تفریق کی بنیاد پر مردوں اور عورتوں کی تنخواہوں میں یہ فرق مغربی دنیا کے کئی ترقی یافتہ ممالک میں بھی پایا جاتا ہے۔ پاکستان میں تاہم یہ مسئلہ اس لیے شدید اور فوری توجہ کا طالب ہے کہ پاکستانی معاشرے میں ملازمت پیشہ خواتین کو جن کئی امتیازی سماجی اور مالیاتی رویوں کا سامنا رہتا ہے، ان میں سے صنف کی بنیاد پر کم اجرتیں ایسی ناانصافیوں کی محض ایک مثال ہیں۔

سماجی اور اقتصادی امور کے ماہرین کا کہنا ہے کہ مردوں اور عورتوں کی تنخواہوں میں یکساں کام کے باوجود فرق کا ایک بڑا منفی پہلو یہ بھی ہے کہ معاشرہ کوئی بھی ہو اور فرق چاہے جتنا بھی ہو، زیادہ تنخواہیں ہمیشہ مردوں ہی کی ہوتی ہیں اور کم اجرتیں ہمیشہ خواتین کارکنوں ہی کو دی جاتی ہیں۔ یہ ایک ایسی حق تلفی ہے، جس کے بین الاقوامی سطح پر تدارک کی اشد ضرورت ہے۔

عالمی اقتصادی فورم کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں، جہاں پدرشاہی سماجی رویوں کے باعث پہلے ہی کام کاج کی عمر کی خواتین کی بہت کم تعداد ہی کوئی باقاعدہ ملازمت کرتی ہے، مختلف تنظیموں، کاروباری اور پیداواری اداروں میں اعلیٰ انتظامی عہدوں پر فائز خواتین کا تناسب پانچ فیصد سے بھی کم بنتا ہے۔ ایسے پچانوے فیصد سے زائد عہدوں پر پاکستانی مرد فائز ہیں۔

دوسری طرف اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام یو این ڈی پی کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں صنفی بنیادوں پر تنخواہوں میں پائی جانے والی خلیج اتنی وسیع ہے کہ اس وجہ سے زیادہ تر خواتین کارکنوں کو سالانہ پانچ سو بلین روپے ادا کیے ہی نہیں جاتے، جو دراصل ان کے جائز معاوضے کا حصہ ہوتے ہیں۔

انگلش خواتین کو شکست دے کر اسپین بنا ویمنس فٹبال عالمی چیمپئن

سڈنی (ایجنسیاں)

فیفا ویمنز فٹبال ورلڈ کپ کو نیا چیمپئن مل گیا ہے۔ اسپین نے فائنل میں انگلینڈ کو 0-1 سے شکست دے کر پہلی بار خواتین کا ورلڈ کپ جیتا۔ کپتان اولگا کارمونا، جنہوں نے سیمی فائنل میں بھی گول کیا تھا، نے فائنل کے 29ویں منٹ میں واحد گول کیا، جو اتوار کو ہندوستانی وقت کے مطابق سہ پہر 3:30 بجے شروع ہوا۔ دونوں ٹیمیں پہلی بار ویمنز ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچی تھیں۔

ٹائٹل میچ سے پہلے، یورپی چیمپئن انگلش ٹیم کو فیورٹ کہا جا سکتا تھا، لیکن فائنل میں وہ اچھی کارکردگی نہیں دکھا سکی۔ انگلینڈ جس نے 2019 کے ورلڈ کپ میں 13 گول کر کے سب سے زیادہ گول کرنے کا اپنا ریکارڈ برابر کیا، اسے دوسری پوزیشن پر ہی مطمئن ہونا پڑا۔

فیفا ویمنز فٹبال ورلڈ کپ کے فائنل میں آج تاریخ رقم ہونے والی تھی۔ دونوں ٹیموں کے پاس پہلی بار یہ ٹائٹل جیت کر تاریخ رقم کرنے کا موقع تھا۔ یہی نہیں بلکہ جرمنی واحد ٹیم تھی جس نے فیفا ورلڈ کپ مردوں اور خواتین دونوں کیٹیگریز میں جیتا تھا۔ اب یہ ریکارڈ بھی اسپین کے نام درج ہو گیا ہے۔ اسپین نے سیمی فائنل میں سویڈن کو 1-2 سے اور انگلینڈ نے میزبان آسٹریلیا کو 1-3 سے شکست دے کر ٹائٹل میچ میں جگہ بنائی۔

بی سی سی آئی کے لیے دردسر بنا پاکستان

کیا ورلڈ کپ کے شیڈول میں پھر تبدیلی ہوگی؟

نئی دہلی (ایجنسیاں):

آئی سی سی کرکٹ ون ڈے ورلڈ کپ 2023 شروع ہونے میں دو ماہ سے بھی کم وقت رہ گیا ہے۔ اس حقیقت سے سبھی واقف ہیں کہ اس بار ورلڈ کپ بھارت میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ بی سی سی آئی اور آئی سی سی نے اس بار ورلڈ کپ کا شیڈول بہت تاخیر سے جاری کیا تھا۔ ساتھ ہی سیکورٹی اور دیگر وجوہات کی بنا پر اس کے بعد شیڈول میں تبدیلی کی گئی۔

پاکستان اور بھارت سمیت 9 میچز کا شیڈول تبدیل کر دیا گیا۔ اب ایک بار پھر حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن نے ورلڈ کپ کے شیڈول کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا ہے جس کی وجہ سے بی سی سی آئی کا تناؤ پھر بڑھ گیا ہے۔ ایچ سی اے نے ایک بار پھر شیڈول میں تبدیلی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس بار بھی پاکستان کے میچ میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن (HCA) نے بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (BCCI) کو مطلع کیا ہے کہ انہیں پچھلے دنوں ورلڈ کپ کے میچوں کی میزبانی کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ 9 اکتوبر کو حیدرآباد کے راجیو گاندھی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور ہالینڈ کے درمیان میچ ہوگا اور اسی گراؤنڈ پر اسی گراؤنڈ پر پاکستان کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

حیدرآباد پولیس نے پاکستان میچ کی سیکیورٹی پر تشویش کا اظہار کیا

نئی دہلی (ایجنسی): حیدرآباد پولیس نے دونوں کھیلوں کے درمیان وقفہ نہ ہونے کی وجہ سے سیکورٹی کے حوالے سے خدشات کا اظہار کیا ہے۔ اور پاکستان اور سری لنکا کا میچ آفیشلز کے لیے سب سے بڑی پریشانی ہے۔ یہ میچ پہلے 12 اکتوبر کو ہونا تھا۔ لیکن احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہونے والے ہندوستان اور پاکستان کے میچ کو 14 اکتوبر کو ری شیڈول کرنے کے بعد میچ کو مزید منتقل کر دیا گیا۔ تاکہ پاک ٹیم کو اپنی تیاری کے لیے پورا وقت مل سکے۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم 8 اکتوبر کو چنئی میں آسٹریلیا کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ ورلڈ کپ کے ٹکٹ باضابطہ طور پر 25 اگست کو فروخت کیے جائیں گے۔

برج بھوشن کے خلاف دہلی کی عدالت میں 26 اگست سے ہوگی سماعت

نئی دہلی (ایجنسی): دہلی کی ایک عدالت 26 اگست سے ہندوستانی ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کے سابق سربراہ اور بی جے پی ممبر پارلیمنٹ برج بھوشن شرن سنگھ کے خلاف خواتین پہلوانوں کی طرف سے درج کیے گئے مبینہ جنسی ہراسانی کے معاملے میں الزامات عائد کرنے کے معاملے کی سماعت کرے گی۔ کیس کی سماعت ہفتے کو ہونی تھی لیکن جج کے چھٹی پر ہونے کی وجہ سے اسے ایک ہفتے کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ ایڈیشنل چیف میٹروپولیٹن مجسٹریٹ ہرجیت سنگھ جسپال نے 20 جولائی کو سنگھ کو ضمانت دی تھی اور ڈبلیو ایف آئی کے اسسٹنٹ سکریٹری ونود تومر کو معطل کر دیا تھا۔ دہلی پولیس نے 15 جون کو سنگھ، جو چھ بار بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ رہے ہیں، کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعہ 354 (عورت پر حملہ یا اس کی عزت کو مجروح کرنے کے ارادے سے مجرمانہ طاقت)، 354A (جنسی طور پر ہراساں کرنا)، 354D (تعزیرات) کے تحت مقدمہ درج کیا۔

3
لوھیانامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW
Monday 21 August 2023

مسیحائے قوم وملت الحاج گلزار اعظمی کا سانحۂ ارتحال، پورے ضلع میں سوگ کی لہر

اعظم گڑھ (عبدالرحیم شیخ)

یقیناً یہ خبر بہت ہی رنج وغم کے ساتھ سنی جائے گی کہ آج 20 / اگست 2023ء بروز اتوار صبح گیارہ بجے سکریٹری قانونی امداد کمیٹی جمعیۃ علماء مہاراشٹرا الحاج گلزار احمد اعظمی کا انتقال ہوگیا، **إنا لله وإنا إلي راجعون، إن لله ما أخذ ول ما أعط ول شيء عند بأجلٍ مسمّ، فلتصبر ولتحتسب** گلزار اعظمی کا نام آتے ہی ذہن میں فوراً ایک تصویر ابھر آجاتی تھی جو جیلوں میں بند بےقصور مسلمانوں کی لڑائی لڑتا تھا اور اس کے لیے ہر طرح کی قربانیاں دینے کا جذبہ ان کے اندر قدرت نے ودیعت فرمایا تھا۔

گلزار اعظمی صاحب اپنے عمر کے بالکل آخری مرحلے میں تھے اور ان کی عمر نوے سال سے متجاوز تھی، ابھی ایک ہفتہ پہلے گر گئے تھے جس کی وجہ سے ان کے سر میں گہری چوٹ آئی تھی اور دماغ کا رگ متاثر تھا، دو روز پہلے آپریشن بھی ہوا مگر ان کا وقت پورا ہو چکا تھا اور اپنے رب کے پاس پہنچ گئے، اللہ تعالیٰ انکی خدمات کو قبول فرمائے اور آخرت میں ان کے درجات بلندی کا سبب بنائے۔

گلزار اعظمی صاحب جمعیت علماء مہاراشٹر کے ایک قدیم خادم تھے، ان کی وابستگی تقریبا سات دہائیوں پر مشتمل ہے، 1954ء میں جب کہ انہوں نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا، اس وقت وابستہ ہوئے اور زندگی کی آخری سانس تک اس جماعت سے لگ کر اور پوری توانائی صرف کر کے ایسے نمایاں کام انجام دیے کہ جمعیت کی تاریخ اس کو کبھی بھلا نہ سکی۔ گلزار اعظمی صاحب اصلا اعظم گڑھ ضلع کے کھریواں گاؤں کے رہنے والے تھے اور عنفوان شباب میں ہی بغرض ملازمت ممبئی کا سفر کیا، اس وقت ممبئی اتنا ترقی یافتہ بھی نہیں تھا۔ جمعیت علماء ہند کا دائرکار جب وسیع ہوا اور آزادی کے بعد اس کا قیام ممبئی میں بھی ہوا تو 1954ء میں ایک کنونشن کے موقع پر ذمہ داران جمعیت سے گلزار اعظمی صاحب کی ملاقات ہوئی، وہ اس وقت جمعیت سے جڑ گئے اور زندگی کی آخری سانس تک اس سے وابستہ رہے۔

واضح رہے کہ جمعیت علماء مہاراشٹر کی داغ بیل ڈالنے والوں میں مولانا عبدالعزیز بہاری، حکیم فصیح اللہ خاں اعظمی، حکیم اجمیری، مولانا قاضی اطہر صاحب مبارکپوری، حکیم مختار اصلاحی جونپوری وغیرہ نمایاں حضرات ہیں۔

جمعیت علماء مہاراشٹر کے کیا خدمات ہیں، یہ تو ایک الگ موضوع ہے، لیکن اپنے قیام کے ابتدا ہی سے جمعیت نے قوم وملت کی خدمت کو اپنا شعار بنالیا، 1970ء میں جب بھیونڈی میں فساد ہوا تو اس وقت اس کی خدمات کا دائرہ بڑھا اور اس کی خدمات کو لوگوں نے قریب سے دیکھا اور گلزار اعظمی صاحب کا جوہر اس وقت بھی سامنے آیا۔ گلزار اعظمی صاحب جمعیت کے ایک خادم کی حیثیت سے ہمیشہ قوم اور دبے کچلے بےیار و مددگار افراد کی خدمت کرتے رہے، یہاں تک کہ جب 2004ء میں مرکز میں کانگریس کی سرکار بنی اور ملک کے مختلف علاقوں میں سیریل بم دھماکے



ہوئے جس کا مقصد پوری مسلم قوم کو احساس جرم میں مبتلا کرنے کی کوشش تھی اور خاص طور پر تعلیم یافتہ مسلم نوجوانوں کو نشانہ بنانا تھا اور بہت سے بےقصور نوجوانوں کو سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا تو 2006ء میں جب حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب دامت برکاتہم نے جمعیت علماء کے صدر کا عہدہ سنبھالا تو مرحوم شاہد اعظمی ایڈوکیٹ کی درخواست پر آپ نے جمعیت کی ایک لیگل سیل قائم کیا اور گلزار اعظمی صاحب کو اس کا ذمہ دار بنایا، ابتدا میں اس کی خدمات صرف ممبئی واطراف تک محدود تھیں، لیکن بعد میں پورے ملک تک اس ک نام پھیل گیا، اور گلزار اعظمی صاحب کا نام بےقصور افراد کے مسیحا کے طور پر پورے ملک میں مشہور ہوگیا اور اس دوران بہت سے مقدمات میں کامیابی حاصل ہوئی اور بہت سے بےگناہ سالوں جیل میں قید وبند کی مشقت برداشت کرنے کے بعد رہا ہوئے۔

گلزار اعظمی صاحب گرچہ جمعیت سے وابستہ تھے لیکن بہت سے امور میں جمعیت سے مخالفت بھی کرتے رہے، جمعیت ایک غیر سیاسی جماعت ہونے کے باوجود اکثر امور میں کانگریس کی ہمنوا نظر آتے رہے اور وہیں گلزار اعظمی صاحب شوسلسٹ پارٹی سے وابستہ تھے، مزاج میں حدت بھی تھی، اس لیے جہاں موقع ہوتا اختلاف رائے کا اظہار کرنے میں کبھی پیچھے نہیں ہوتے۔

گلزار اعظمی صاحب نے صرف امدادی میٹنگ تک اپنے کو محدود نہیں رکھا بلکہ جمعیت علماء مہاراشٹر کے دفتر کی نگرانی، جمعیت علماء کے زیر اہتمام حلال سرٹیفکیشن کی سربراہی تن تنہا وہ خود کیا کرتے تھے۔ ابھی دو ماہ قبل 20 جون 2023ء بروز منگل کو مولانا مستقیم احسن اعظمی رحمۃ اللہ علیہ صدر جمعیت علماء مہاراشٹر کا انتقال ہوا تھا اور آج یہ حادثۂ وفات پیش آیا، یقینا گلزار اعظمی صاحب کا انتقال ایک بہت بڑا سانحہ ہے، اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کو قبول فرمائے اور جمعیت علماء کو انکا نعم البدل عطا فرمائے۔

گلزار اعظمی ہمت وشجاعت کا پہاڑ: ڈاکٹر ارشد قاسمی

اعظم گڑھ، (عبدالرحیم شیخ) ممبئی کا تجارتی شہر، بھنڈی بازار کی پررونق گلیاں اور ان گلیوں میں ایک میانہ قد، وجیہ پرسنالٹی کا مالک، بالکل سپید رنگت، سادگی کا پیکر، بلیک کلر کی اصلاحی ٹوپی، رنگین کرتا، لنگی میں ملبوس، پان سے سرخ دہن وہونٹ اور اسکی کچھ چھینٹیں سفید ڈاڑھی کے کچھ بالوں پر اور بسا اوقات کرتے پر بھی۔

آج سے قبل تک ان خصوصیات کا حامل کہیں اخبار میں مستغرق، یا موبایل پر نیوز سنتا کوئی شخص کہیں نظر آجائے تو آپ اسے گلزار اعظمی کہ سکتے تھے۔ ۲۰۱۰ سے ۲۰۱۲ تک صابوصدیق ہاسپیٹل بھنڈی بازار میں ملازمت کے دوران شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا جب انکی زیارت نہ ہوتی۔ میری ہاسپیٹل ڈیوٹی صبح نو بجے شروع ہوتی مگر میں ساڑھے آٹھ بجے جمعیت آفس پہنچ جاتا اور آدھا گھنٹہ اخبار بینی میں صرف کرتا۔ اس دوران الحاج گلزار اعظمی صاحب کی مصروفیات بھی دیکھتا۔ آپ جمعیت علماء قانونی امدادی کمیٹی کے ذمہ دار تھے بلکہ انھیں قانونی امدادی کمیٹی کا بانی کہا جائے تو بہتر ہوگا چنانچہ ملک بھر کے متاثرین ان سے ملنے آتے کبھی دیکھتا وکلاء سے صلاح ومشورہ کررہے ہیں کیسز کی باریکیاں سمجھ رہے ہیں کراس کوشچننگ کررہے ہیں کبھی کسی حبس بیجا کے شکار اہل خانہ سے مظلومیت کی داستان سن رہے ہیں آنسو پوچھ رہے ہیں دادرسی کررہے ہیں حوصلہ دے رہے ہیں قانونی امداد کے ساتھ مستحق اہل خانہ کو مالی امداد جارے کرنے کا حکم بھی دے رہے ہیں۔

کبھی دیکھتا پریس کانفرنس کررہے ہیں اور نپی تلی زبان میں میڈیا یا اہلکاروں کو مسکت جواب دے رہے ہیں۔ جب کبھی کسی اسیر کی رہائی ہوتی تو وہ جیل سے سیدھا جمعیت آفس پہنچتا اس وقت گلزار صاحب کی خوشی دیدنی ہوتی چہرہ چمک رہا ہوتا سب کا استقبال کرتے گلے ملتے اور پھر میڈیا کو بریفنگ دیتے۔ گلزار اعظمی صاحب عالم تو نہیں

تھے عصری تعلیم یافتہ بھی نہیں تھے۔ مگر وہ اپنے سینے میں ملت کے لئے دھڑکتا دل رکھتے تھے بلاشبہ فراست ایمانی کے نور سے مزین تھے وہ ہمت وشجاعت کے پہاڑ تھے حق گو تھے اور اپنی بات ببانگ دہل کہتے تھے وہ قانونی داو پیچ کو ایک وکیل سے زیادہ جانتے اور برتتے تھے وہ بڑے سے بڑے آفیسر کے سامنے کبھی جھکتے تھے نہ ڈرتے تھے اور نہ تملقانہ انداز اختیار کرتے تھے۔ میں نے کئی بار ان سے سنا کہ انکی زندگی معصوم اسیروں کی رہائی کے لئے وقف ہوچکی ہے بلاشبہ یہی مشن ہی انکا اوڑھنا بچھونا تھا انکی اپنی کوئی ذاتی زندگی نہیں تھی انکی ہر صبح کسی امید کے ساتھ ہوتی مگر ہر شام کوئی نیا چیلینج انکا منتظر ہوتا۔

وہ معصوموں کی رہائی کا جو صبر آزما کانٹوں بھرا چیلینج لیکر کھڑے ہوئے تھے اسکا ہر قدم زندگی سے زیادہ موت سے قریب تھا مگر انکے چہرہ پر کبھی خوف کا سایہ نہیں دیکھا گیا۔ وہ حکومتوں اور انکی ایجینسیوں کو عدالت میں چیلینج کرتے تھے مگر دھمکیوں کا انکے اعصاب پر کوئی اثر محسوس نہیں ہوتا تھا۔ وہ اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر اس یقین کے ساتھ جیتے تھے کہ موت کے متعینہ وقت سے قبل کوئی موت نہیں دے سکتا۔

